42441-کیا احرام کی چادریں تبدیل کرنا جائز ہیں؟

سوال

میں دوران حج منی میں سویا ہوا تھا تو مجھے احتلام ہوگیا، اور جب بیدار ہوا تو غسل کر کے اپنا احرام تبدیل کرلیا، کیا میرا یہ فعل صحیح تھا، اور کیا میرا حج صحیح ہے؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں محرم شخص کے لیے احرام کا لباس تبدیل کرنا جائز ہے، اس کے متعلق سوال نمبر (26722) کے جواب میں مستقل فتوی کمیٹی کا فتوی بیان ہوچکا ہے، آپ اس کا مطالعہ کرلیں، ذیل میں اس کے متعلق ہم شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کا فتوی بھی نقل کر دیتے ہیں:

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے:

"حج اور عمرہ میں محرم شخص کے لیے چاہے وہ مرد ہو یا عورت وہ احرام کا لباس تبدیل کرنا جائز ہے جس میں اس نے احرام کی ابتدا کی تھی، اور وہ دوسرا احرام زیب تن کر سکتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وہ لباس حالت احرام میں زیب تن کیے جانے والے لباس میں سے ہو"

دیکھیں: المنہج لمرید العمرۃ والحج الفائدۃ الخامسۃ.

واللہ اعلم.